© rasailojaraid.com

ہوئے تھے، یہ موتمر دو ہفتہ رہی۔ اس لئے مولانا نے دوسرے مہمانوں کے ساتھ حکومت جمہوریۂ عربیہ متحدہ کے زیر اہتمام و انتظام قاہرہ کی اور ملک کے مشہور تاریخی صنعتی اور تہذیبی امصار و دیار اور مآثر کی خوب سیر کی، ہر چیز کو کھلی آنکھوں سے دیکھا، اس کے محاسن و معائب کو پرکھا۔ جو چیزیں نئی تھیں انہیں سمجھنے کی کوشش کی۔ جو نہیں جانتے تھے اس کو جاننے کی سعی کی، غرض کہ پورا سفر ایک اُس شخص کی طرح کیا جو ذوقِ تجسس کے ساتھ دلِ بیدار بھی رکھتا ہو اور ذہنِ روشن بھی! اس بناء پر اس سفرنامہ میں ذاتی مشاہدات و تاثرات بھی ہیں اور حقائق و واقعات بھی۔ تنقید و تبصرہ بھی ہے، اور مدح و ثنا بھی، زبان بڑی بے تکلف اور شگفتہ ہے، جن حضرات کو عالمِ اسلام کے ساتھ دلچسپی ہے انہیں یہ سفرنامہ ضرور پڑھنا چاہئے، مولانا چوں کہ موتمر سے نمٹ کر حجاز گئے تھے اس لئے سفرنامہ میں اس کا تذکرہ بھی آگیا ہے۔

اسلامی حکومت کے نقش و نگار: از مولانا ظفیر الدین مفتاحی: تقطیع خورد ضخامت ۱۴۴ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت 1/75 ۔ پتہ:۔ مفتاحی اکیڈمی، مئو۔ ضلع اعظم گڈھ۔

فاضل مرتب نے "تاریخی حقائق" کے عنوان سے ایک طویل سلسلہ شروع کیا ہے جس کے ماتحت وہ خلفائے راشدین اور دوسرے عدل پرور مسلمان بادشاہوں کے عہدِ حکومت کے خاص خاص واقعات ایک خاص ترتیب کے ساتھ یکجا کر دینا چاہتے ہیں، موجودہ حالات میں اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ مسلمانوں میں خود اعتمادی پیدا ہوگی اور غیر مسلموں کی بہت سی غلط فہمیاں جو اسلام اور مسلمانوں کے بارہ میں اُن کے ذہن میں ہیں وہ دور ہوں گی، یہ کتاب اسی طویل سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اور اس میں صرف عہدِ شیخین کے وہ واقعات ہیں، جو اُس زمانہ کے مسلمانوں کے اخلاقِ فاضلہ و مکارمِ علیا کا ایک نہایت شان دار اور لائقِ فخر نمونہ کہے جا سکتے ہیں لائق مرتب نے صرف واقعات بیان نہیں کئے ہیں بلکہ اُن پر تبصرہ بھی کرتے اور نتائج نکالتے گئے ہیں۔ ضرورت ہے کہ ایسی کتابوں کا ہندی ایڈیشن بھی شائع کیا جائے۔

مقالات شریعت و حکمت: از مولانا حکیم محمد زمان الحسینی: تقطیع خورد ضخامت ۹۹ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت 1/50 ۔ پتہ:۔ منیجر قاسمی دواخانہ ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ۔ کلکتہ ۱۔

یہ سات مقالات کا مجموعہ ہے جن میں تین مقالات (۱) اسلام میں تندرستی کی اہمیت (۲) طب کی اہمیت

© rasailojaraid.com